## بڑھتی ہوئی دہشت گردی کی وجہ سے ملک انارکی کی طرف جارہا ہے۔الطاف حسین

## وقت کا تقاضہ ہے کہ ملک کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں اور پوری قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہوجائے

## قوم کی مکمل حمایت وتعاون کے بغیر حکومت اکیلے دہشت گردی کی وباء کا مقابلہ نہیں کرسکتی

## انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں ارکان رابطہ کمیٹی، ارکان پارلیمنٹ، مختلف تنظیمی ونگز اور شعبہ جات کے ارکان سے بات چیت

لندن۔۔۔11 اکتوبر 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی دہشت گردی کی وجہ سے ملک انارکی کی طرف جارہا ہے لہٰذا وقت کا تقاضہ ہے کہ ملک کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں اور پوری قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہوجائے اور متحد ہوکر دہشت گردی کا مقابلہ کرے۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پاکستان سے آنے والے ارکان رابطہ کمیٹی، حق پرست ارکان پارلیمنٹ اور مختلف تنظیمی ونگز اور شعبہ جات کے ارکان سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ملک کی موجودہ صورتحال پر روشنی ڈالتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان آج اپنی تاریخ کے انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے جب پورا ملک دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے، خودکش حملے اور بم دھماکے روز کا معمول بن گئے ہیں، کہیں سیکوریٹی فورسز اور پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنایا جارہا ہے تو کہیں معصوم وبے گناہ شہریوں بچوں، بزرگوں، نوجوانوں کو خون میں نہلایا جارہا ہے، قوم کی بے گناہ ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کو بیوہ اور بچوں کو یتیم کیا جارہا ہے اور لوگوں کے سہاروں کو چھینا جارہا ہے، قبائلی علاقوں کے جو لوگ طالبانائزیشن کے خلاف آگے آرہے ہیں انکے سر قلم کئے جارہے ہیں اور یہ ساری دہشت گردی اور بربریت اسلام کے نام پر کی جارہی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایک طرف تو ملک میں دہشت گردی کا سلسلہ بڑھ رہا ہے تو دوسری طرف ملک کی معیشت تباہی کے دہانے پر پہنچ گئی ہے اور ملک کو بجلی اور توانائی سمیت کئی قسم کے بحرانوں کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ بڑھتی ہوئی دہشت گردی کی وجہ سے ملک انارکی کی طرف جارہا ہے اور یہ سنگین صورتحال پوری قوم سے اتحاد و یکجہتی کا تقاضہ کرتی ہے لہٰذا ملک کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں اپنے سیاسی اختلافات کو پس پشت ڈال کر اتحاد کا مظاہرہ کریں۔انہوں نے کہا کہ قوم کی مکمل حمایت وتعاون کے بغیر حکومت بھی اکیلے دہشت گردی کی اس وباء کا مقابلہ نہیں کرسکتی، لہٰذا پوری قوم کو دہشت گردی کے خلاف ایک آواز ہوکر حکومت کا ساتھ دینا چاہیے۔اس موقع پر ملک کے مختلف شہروں میں ہونے والے خودکش بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کیلئے دعائے مغفرت کی گئی اور انکے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا گیا۔

## کراچی میں بجلی کے نرخوں میں 70 فیصد تک کے اضافے کا فوری نوٹس لیا جائے، ایم کیوایم

## نائن زیرو پر ڈاکٹر فاروق ستار کا پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی۔۔۔11، اکتوبر 2008ء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں بجلی کے نرخوں میں 70 فیصد تک کے اضافے کا فوری نوٹس لیا جائے، یہ فیصلہ واپس لیا جائے اور کراچی کے شہریوں کو مزید مشکلات میں ڈالنے کا سلسلہ فوری طور پر بند کیا جائے۔یہ بات انہوں نے ہفتہ کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔پریس کانفرنس کے متن کے مطابق

معزز صحافی حضرات

السلام علیکم!

سب سے پہلے تو اس اہم پریس کانفرنس میں تشریف لانے پر آپکے بے حد مشکور ہیں اور یہاں آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں، آج کی اس پریس کانفرنس کا مقصد آپ کے توسط سے ملک بھر کے عوام کو کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کی جانب سے کراچی میں بجلی کی قیمتوں میں من مانے اضافے کے ظالمانہ فیصلے اور اس سلسلے میں ایم کیوایم کی تشویش اور تحفظات سے آگاہ کرنا ہے۔

معزز صحافی حضرات

جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ وفاقی وزارت پانی وبجلی نے کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن لمیٹڈ (کے ای ایس سی) کو بجلی کی قیمتوں میں 70 فیصد تک اضافے کی اجازت دینے کیلئے عمل درآمد کا نوٹس جاری کردیا ہے جسکے نفاذ کے بعد کراچی کے رہائشی، تجارتی اور صنعتی صارفین کو اپنے بجلی کے بلوں میں فی یونٹ کئی روپے اضافی ادا کرنے

پڑیں گےاور یہ ان پر ایک نا قابل برداشت اضافی مالی بوجھ ہوگا۔کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن نے پہلے ہی اپنے اس کراچی دشمن فیصلے سے عوام کی چیخیں نکال دی ہیں۔

معزز صحافی حضرات

متحدہ قومی موومنٹ اس سے قبل بھی کراچی میں طویل لوڈشیڈنگ ،بجلی کی ڈسٹری بیوشن کے فرسودہ نظام اور بجلی کی قیمتوں میں بے جا اضافے پر اپنی شدید بے چینی ،تشویش اورتحفظات کا اظہار کرتی رہی ہے اوراس نے اس سلسلے میں ہمیشہ عوام کا ساتھ دیا ہے۔کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کی جانب سے بجلی کی قیمتوں میں حالیہ اضافے پر بھی ایم کیوایم کو شدید تشویش اورتحفظات ہیں اور وہ اس سلسلے میں عوامی جذبات کے ساتھ ہے۔کراچی کے شہریوں کیلئے یہ بات از حد پریشانی کا باعث ہے کہ انہیں نہ صرف اگلے ماہ کے بل میں اپریل سے ستمبر تک فیول ایڈجسٹمنٹ سرچارج کی مد میں بھی اضافی رقم ادا کرنا ہوگی بلکہ یہ اطلاع بھی ہے کہ آنے والے مہینوں میں قیمتوں میں اسی نوعیت کا ایک اوراضافہ متوقع ہے۔کراچی کے شہری پہلے ہی مہنگائی کے نا قابل برداشت بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اوران کیلئے زندگی گذارنا مشکل سے مشکل تر ہوتا جارہا ہے مہنگائی اور کم آمدنی نے انکی کمر پہلے ہی توڑ رکھی ہے،ایسے میں بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کسی عذاب سے کم نہیں ہے۔یہ بات بھی حیرت انگیز ہے کہ کراچی میں ایک طویل عرصے سے دوسے دس گھنٹے کی اعلانیہ اورغیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے لیکن شہریوں کو بجلی کا بل ہر ماہ ان کے استعمال سے زیادہ ادا کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔یہ کراچی کے شہریوں کیساتھ ظلم اور جبر سے کم نہیں اور انکی جیبوں پر ڈکیتی مارنے کے مترادف ہے۔کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کے اس حالیہ فیصلے سے سب سے زیادہ کراچی کے غریب اورمتوسط طبقے کے خاندان متاثر ہونگے جن کی آمدنی تمام تر محنت اور جفاکشی کے باوجود کسی طرح بھی چھ سے آٹھ ہزار ماہانہ سے زیادہ نہیں ہے جبکہ بجلی کے نرخوں میں یہ اضافہ پاکستان کے معاشی اور صنعتی حب کراچی میں صنعتی اور معاشی سرگرمیوں کو بھی بری طرح متاثر کرے گا اور آج جبکہ ملک پہلے ہی معاشی بحران سے گزررہا ہے اس مزید سنگین تر کردیگا۔

معزز صحافی حضرات

متحدہ قومی موومنٹ کراچی کے شہریوں کو یقین دلاتی ہے کہ وہ کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کے اس فیصلے کے خلاف ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور سلسلے میں انہیں ہر قسم کے تعاون کا یقین دلاتی ہے اور یہ بھی یقین دلاتی ہے کہ ایم کیوایم اب اس مسئلہ کو ہر فورم پر پر اٹھائے گی اوراسے واپس کروانے کیلئے اپنا مکمل اثر ورسوخ بروئے کار لائے گی ۔ہم پریس کانفرنس کے توسط سے صدر مملکت آصف علی زرداری ،وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی ،وفاقی وزیر پانی و بجلی راجہ پرویز اشرف،گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد،وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کے اعلیٰ احکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ کراچی میں بجلی کے نرخوں میں 70 فیصد تک کے اضافے کا فوری نوٹس لیں ،یہ فیصلہ واپس لیا جائے اور کراچی کے شہریوں کو مزید مشکلات میں ڈالنے کا سلسلہ فوری طور پر بند کیا جائے۔

آخر میں اس پریس کانفرنس میں تشریف لانے پر ہم آپ کے ایک مرتبہ پھر انتہائی شکر گذار ہیں۔

والسلام

رابطہ کمیٹی

متحدہ قومی موومنٹ (پاکستان)

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹراوراے پی ایم ایس او کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔11،اکتوبر2008ء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کے کارکن یاسین کی والدہ محترمہ رابعہ اوراے پی ایم ایس او سیکٹر بی یونٹ سٹی کالج کے کارکن عبدالشاہد خان کے والد عبدالحمید خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## سٹی کالج کے کارکن سے اے پی ایم ایس او کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔ 11، اکتوبر 2008ء ۔۔۔ آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ کے ارکان نے اے پی ایم ایس او سیکٹر بی یونٹ سٹی کالج کے کارکن عبد الشاہد خان کے والد عبدالحمید خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔ ( آمین )

## صوبائی وزیر رفیق انجینئر کی والدہ اور فلمی اداکار بدر منیر کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 11، اکتوبر 2008ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سندھ کے صوبائی وزیر رفیق انجینئر کی والدہ محترمہ اور فلمی اداکار بدر منیر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔ ( آمین )

## ڈیفنس اور کلفٹن کے عوام دہشت گردوں سے اپنے گھروں کے تحفظ کیلئے خود حفاظتی بندوبست کریں ۔ رابطہ کمیٹی

## جہادی تنظیموں کو اسلحہ سپلائی کرنے والے دہشت گرد کی کلفٹن سے گرفتاری کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کا حصہ ہے

## کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کے بارے میں قائد تحریک الطاف حسین کے خدشات ایک بار درست ثابت ہوگئے

کراچی ۔۔۔ 11 اکتوبر 2008ء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے ڈیفنس اور کلفٹن کے عوام سے کہا ہے کہ وہ دہشت گردوں سے اپنے گھروں اور علاقوں کے تحفظ کیلئے خود حفاظتی بندوبست کریں اور چوکنا رہیں ۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ دنوں قائد تحریک الطاف حسین نے ڈیفنس کلفٹن سمیت تمام اہل ثروت علاقوں کے عوام کو اس خطرے سے آگاہ کیا تھا کہ طالبانائزیشن کی سازش کے تحت کراچی کے اہل ثروت علاقوں کو گھیرا جا رہا ہے، دو روز قبل کلفٹن کے علاقے سے ایک مسلح دہشت گرد گرفتار ہوا جسکے دیگر ساتھی فرار ہوگئے ۔ اس دہشت گرد کے پاس سے بھاری مقدار میں خطرناک جدید و خودکار اسلحہ برآمد ہوا۔ اس دہشت گرد نے پولیس کو بتایا کہ وہ جہادی تنظیموں کو اسلحہ سپلائی کرتا تھا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یہ واقعہ بھی کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کا حصہ ہے اور اس واقعہ سے ایک مرتبہ پھر کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کے بارے میں قائد تحریک الطاف حسین کے خدشات اور انکشافات درست ثابت ہوگئے ہیں ۔ رابطہ کمیٹی نے ڈیفنس اور کلفٹن کے عوام خصوصاً نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ دہشت گردوں سے اپنے گھروں اور علاقوں کے تحفظ کیلئے اپنی مدد آپ کے تحت خود حفاظتی بندوبست کریں، حفاظتی ٹیمیں تشکیل دیں اور چوکنا رہیں ۔

## ایم کیو ایم یو کے کے بزرگ کارکن غلام حسین کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

## کارکنان و ہمدرد غلام حسین کی صحتیابی کیلئے دعا کریں ۔ الطاف حسین کی اپیل

لندن ۔۔۔ 11 اکتوبر 2008ء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم یو کے کے بزرگ کارکن غلام حسین کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ غلام حسین کو صحت کاملہ عطا کرے اور ان کی عمر دراز کرے ۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے تمام کارکنوں اور ہمدردوں سے بھی اپیل کی کہ وہ غلام حسین کی صحتیابی کیلئے دعا کریں ۔ دریں اثناء ایم کیو ایم یو کے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے لندن کے مقامی اسپتال جا کر غلام حسین کی عیادت کی اور ان کی صحتیابی کی دعا کی ۔